Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

اہم ترین

اڈیالہ جیل میں ناحق قید بانی چیئرمین تحریک انصاف کی اہلیہ کو دورانِ قید زہر دیے جانے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کا محترمہ بشریٰ بی بی کی فوری رہائی اور خصوصی طبّی معائنے کا مطالبہ

محترمہ بشریٰ بی بی کو زہر دیے جانے کے معاملے کی فوری تحقیقات کرنے اور ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ۔ بانی چیئرمین عمران خان اوران کی محترمہ ایلیہ بالکل لغو، جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات میں بالکل ناجائز طور پر قید میں ہیں،

دورانِ قید دونوں بانی چیئرمین عمران خان اوران کی اہلیہ کی سلامتی کو خطرے میں ڈال کر ان کے بنیادی حقوق غصب کئے جارہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

بشریٰ بی بی کو ہدف بنانے کا واحد مقصد بانی چیئرمین عمران خان کے حوصلوں کو توڑنا اور انہیں جھکنے پر مجبور کرنا ہے، ترجمان تحریک انصاف

کھانے میں زہریلے مواد کے باعث محترمہ بشریٰ بی بی کی صحت وسلامتی کو لاحق ممکنہ خطرات نہایت تشویش کا باعث ہیں، ترجمان تحریک انصاف

محترمہ بشریٰ بی بی کو فوراً رہا کیا جائے اور انہیں شوکت خانم اسپتال میں موجود ان کے قابل بھروسہ ڈاکٹرز سے فوری طبّی معائنے کا بنیادی حق دیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

محترمہ بشریٰ بی بی کو کسی قسم کا گزند پہنچا تو ذمہ دار جیل انتظامیہ/حکام اور ریاست ہوں گے،

قوم کی حقیقی آزادی، دستور کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کیلئے بے مثال استقامت دکھانے پر بانی چیئرمین عمران خان اوران کی محترمہ اہلیہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ